12101

# اردو لازمی (نئی کتاب)

## پارٹ - II

نوٹ: اس پرچہ کی تین سیکشنز ہیں۔ احتیاط سے پڑھ کر دی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔ سیکشن-الف کے تمام سوالات حل کریں۔ اور مقررہ وقت میں پرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔ درست جواب کا انتخاب کر کے جوابی خانہ میں صرف الف، ب، ج یا د جو بھی موزوں ہو لکھیں۔ کاٹے گئے، مٹائے گئے یا دوبارہ لکھے گئے سوالات کے نمبر نہیں ملیں گے۔

## سیکشن-الف

وقت: 20 منٹ　　　　　　　　　　　　　　　　نمبر: 20

1. سیرۃ النبیؐ، الفاروق، المامون کس کی کتابوں کے نام ہیں؟ الف) مہدی افادی، ب) شبلی نعمانی، ج) خواجہ حسن نظامی، د) اشفاق احمد، ....

2. سبق "چند روز ایک روڈ رولر کے ساتھ" صنف کے لحاظ سے کیا ہے؟ الف) مقالہ، ب) مضمون، ج) انشائیہ، د) شاعرانہ نثر، ........

3. خواجہ حسن نظامی کا پورا نام کیا تھا؟ الف) سید علی حسن نظامی، ب) محمد علی حسن نظامی، ج) ابوعلی حسن نظامی، د) علی نقی حسن نظامی، ....

4. "ایک پیر مرد نورانی صورت جس کی سفید داڑھی میں شگفتہ مزاجی نے کنگھی کی تھی اور خندہ جبینی نے ایک طرہ سر پر آویزاں کیا تھا"
اس سے کون سی شخصیت مراد ہے؟ الف) حافظ شیرازی، ب) سعدی شیرازی، ج) شاہ جہان، د) محمود غزنوی، ..............

5. منظور کی ذات اختر کی نظروں میں ........ کا رتبہ رکھتی تھی۔ الف) دوست، ب) بھائی، ج) استاد، د) مسیحا، ..............

6. مسلسل ........ دن تک ماسٹر الیاس اپنی رضائی سر پر اگلو کی طرح اوڑھ کر چارپائی پر بیٹھے رہے۔ الف) دو، ب) تین، ج) چار، د) پانچ، ....

7. مولوی صاحب دنیا میں کسی سے نہیں ڈرتے تھے۔ ہاں! ڈرتے تھے تو ........ صاحب سے۔ الف) مولوی نذیر احمد، ب) مولوی عبدالحق، ج) مہدی افادی، د) ان میں سے کوئی نہیں، ..............................................

8. احمد ندیم قاسمی کا اصل نام ........ تھا۔ الف) احمد بشیر، ب) احمد حسن، ج) احمد شاہ، د) احمد علی، ..............................

9. یہ ہمارا پاکستان جو ہے نا، یہ ایک بڑی سی ........ ہی تو ہے۔ الف) بس، ب) گاڑی، ج) ویگن، د) ٹرین، ..............................

10. ٹھنڈا پانی، گرم چائے گرامر کی رو سے کیا ہیں؟ الف) مرکبات اضافی، ب) مرکبات توصیفی، ج) مرکبات جاری، د) مرکبات عددی، ...

11. محمد حسین آزاد کی پہلی تاریخی، تنقیدی اور تحقیقی کتاب کا نام کیا ہے؟ الف) آب حیات، ب) نیرنگ خیال، ج) دربار اکبری، د) سخن دان فارس،

12. مولانا صلاح الدین احمد کا اصل کارنامہ ........ کا قیام ہے۔ الف) انجمن پنجاب، ب) حلقہ ارباب ذوق، ج) اکادمی پنجاب، د) ترقی پسند تحریک، ..............................................

13. مرزا سلیم ........ میں گانے بجانے کی محفلیں سجاتے۔ الف) حجرے، ب) موسم بہار، ج) عید الفطر، د) رمضان، ..............

14. سبق "طائر لاہوتی" کے مصنف کا نام کیا ہے؟ الف) فارغ بخاری، ب) منٹو، ج) اشفاق احمد، د) شبلی نعمانی، ..............

15. سراسر جمالیات کے شاعر ہیں۔ الف) مجید امجد، ب) اقبال، ج) فیض، د) ن م راشد، ..............................

16. علامہ اقبال کی غزل "جنہیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں میں زمینوں میں" ........ سے لی گئی ہے۔ الف) بال جبریل، ب) بانگ درا، ج) ضرب کلیم، د) ارمغان حجاز، ..............................................

17. ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں میں ........ الف) ہر کام کرنے میں، ب) ہر فعل کرنے میں، ج) ہر بات کرنے میں، د) ہر سیر کرنے میں، ......

18. ........ کو اصل شہرت وفات کے بعد ملی۔ الف) فیض، ب) میراجی، ج) اختر شیرانی، د) مجید امجد، ..............................

19. "پاسباں مل گئے کعبے کو صنم خانے سے" کس نظم کا مصرع ہے؟ الف) جواب شکوہ، ب) بڑھے چلو، ج) شکست کی آواز، د) بڑے ڈرپوک ہو،

20. انگلوں نے مرے دل کو عجب ........ میں ڈالا ہے۔ الف) دوری، ب) الجھن، ج) کاموں، د) مشکل، ..............................

edusiion.edu.pk

12161

# اردو لازمی (نئی کتاب)

## پارٹ - II

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ

## سیکشن - ب

نمبر: 50

1. مندرجہ ذیل میں سے صرف دس اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. سبق "حاجی اورنگزیب خان" کا خلاصہ لکھیں۔

ii. نظم "بڑے ڈرپوک ہو" کا مرکزی خیال لکھیں۔

iii. ؎ بجھ تو جاؤں گا مگر صبح تو کر جاؤں گا، مصرعے کی وضاحت کریں۔

iv. تفصیلیہ اور قوسین کی مثالوں کے ساتھ وضاحت کریں۔

v. فرحت نے مولوی وحید الدین سلیم کے مزاج کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

vi. مرید پور میں لیڈر کا استقبال کس طرح ہوا؟

vii. لالو کے بارے میں ماسٹر صاحب کیا کہتے تھے؟

viii. خوبصورت عورتیں در حقیقت کون تھیں؟

ix. سقراط کے مخالفین نے ان پر کیا الزامات لگائے؟

x. "سروں پر کفن باندھنے" سے کیا مراد ہے؟

xi. روزمرہ اور محاورہ میں مثالیں دے کر فرق واضح کریں۔

xii. صنعتِ تضاد اور صنعتِ تجنیس کی تعریف کریں نیز بطور مثال دو دو شعر تحریر کریں۔

xiii. درج ذیل تراکیب اور محاورات کو اپنے جملوں میں یوں استعمال کریں کہ ان کا مطلب واضح ہو جائے۔

انوارِ خدا، تیغِ تیز، ہنگامِ قتال، ہوائی قلعے بنانا، غارت کر ڈالنا

## سیکشن - ج

نمبر: 30

8 2. متن اور سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔

الف) اس کی عمر بتیس برس کے قریب تھی ان برسوں میں اس نے کوئی راحت نہیں دیکھی تھی جو اس وقت اسے یاد آتی اور اس کی صعوبت میں اضافہ کرتی۔ اس کے ماں باپ اس کو بچپن ہی سے داغِ مفارقت دے گئے تھے۔ معلوم نہیں اس کی پرورش کس خاص شخص نے کی تھی۔ بس وہ ایسے ہی اِدھر اُدھر کی ٹھوکریں کھاتا اس عمر تک پہنچ گیا تھا اور ایک کارخانے میں ملازم ہو کر پچیس روپے ماہوار پر انتہا درجے کی افلاس زدہ زندگی گزار رہا تھا۔

ب) عمر کا ہر حصہ انسان کی معلومات کو ترقی دے سکتا ہے۔ اس کی رائے میں کتب بینی ہی ایک عیش ہے جو ہر شخص کا اختیاری امر ہے وہ ایک جاہل کو واجب الرحم سمجھتا ہے مگر اس سے بھی زیادہ اس شخص کی ہمدردی کرتا ہے جس کا مربی کوئی بدتہذیب اور تاریک خیال کا آدمی ہو۔ وہ کہتا ہے عالی ظرف کی پہچان یہ ہے کہ دشمن کے ساتھ بھی معزز برتاؤ ہو۔ زیادہ سے زیادہ کوششیں اس کی یہیں تک محدود ہوں کہ دشمن کو تکلیف دینے سے محفوظ رہ سکے۔

8 3. شاعر اور صنف کا حوالہ دے کر کسی ایک جز کی تشریح کیجئے۔

الف) مگر اونچے ارادے ہیں تو کیا، اونچے ارادوں کو
جہاں میں سیدھے سادے آدمی کثرت سے بستے ہیں
سمجھنے کا نہیں احساس حاصل سیدھے سادوں کو
ہے محدود ان کی ہمت اور محدود ان کے رستے ہیں

ب) آ کے پتھر تو مرے صحن میں دو چار گرے
جتنے اُس پیڑ کے پھل تھے پسِ دیوار گرے
وقت کی ڈور خدا جانے کہاں سے ٹوٹے
کس گھڑی سر پہ یہ لٹکی ہوئی تلوار گرے

14 4. درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیں۔

i. طلبہ کی قومی اور اخلاقی ذمہ داریاں ii. مطالعہ کتب کی اہمیت اور درست طریقہ iii. صلہ شہید کیا ہے تب و تابِ جاودانہ

eduvision.edu.pk